چھوٹی چپ میں الکٹرانک قرآن

سرکاری وغیرسرکاری مدرسوں میں قرآن کی تعلیم اور طلبہ کو ارکان وشعار اسلام سے واقف کرانے کے لیے ایک الکٹرانک قرآن تیار کیا گیا ہے اور اسے چھوٹی چپ میں فٹ کردیا گیا ہے۔ ۴۰ زبانوں میں اس کی آڈیو نہایت دل کش آوازوں میں تیار کی گئی ہے۔ سعودی عرب کی حکومت کی سافٹ ویر کمپنی دار الرسم العثمانی جو اس پروجکٹ پر کام کررہی ہے، اس نے کہا کہ عام فائدے کے لیے اس کو بازار میں نہایت مناسب اور ارزاں قیمت پر مہیا کرایا جائے گا اور جلد ہی وسط ایشیاء کے سرکاری وغیرسرکاری اسکولوں کے طلبہ کے لیے بھی روانہ کیا جائے گا اور وائرلیس کی مدد سے بھی یہ استعمال کیا جاسکے گا۔
(افکارملی، نئی دہلی، اپریل ۲۰۰۷ء)

اشاروں کی زبان میں قرآن کا مفہوم واضح کرنے کا اہتمام

شاہ فہد طباعت قرآن کومپلیکس مدینہ منورہ کی جانب سے سماعت سے محروم افراد کے لیے قرآن کریم کا مفہوم اشاروں کی زبان میں پیش کرنے کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ اس ویڈیو کی تیاری کے سلسلہ میں پیچیدہ علمی وفنی امور طے کیے گئے ہیں، ہر آیت کا مفہوم اشاروں کی زبان میں سمجھا جائے گا اور ہر سورہ کے اہم نکات بھی پیش کیے جائیں گے۔ (اخبار تحقیق، جنوری-مارچ ۲۰۰۷ء)

قرآن کریم کا بریل ایڈیشن

ازبکستان کی راجدھانی تاشقند کا مدرسہ کوکالدوش ان چند اداروں میں شامل ہوگیا ہے جو قرآن کریم کا بریل ایڈیشن شائع کرتے ہیں۔ بریل ایڈیشن سے نابینا افراد بآسانی قرآن پڑھ سکتے ہیں۔ حکومت امریکہ کی ایک اشاعت میں کہا گیا ہے کہ اس مدرسہ نے مشیگن میں ڈیئر بارن واقع اسلامک سنٹر آف امریکہ کو آٹھ جلدوں پر مشتمل بریل قرآن پیش کیا ہے۔ ڈیئر بارن کی مسجد امریکہ کی قدیم ترین اور سب سے بڑی مسجد ہے۔ بریل تاشقند میں امریکی سفارت خانہ کے ڈپٹی چیف آف مشن براڈ ہینسن نے اسے باقاعدہ اسلامک سنٹر کو پیش کیا تھا۔ (سہ روزہ دعوت، ۱راپریل ۲۰۰۷ء)